سوال

(545) بیت اللہ کے علاوہ کسی گھر کا طواف جائز نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شمالی علاقوں کے لوگ جب کوئی جامع مسجد تعمیر کرتے ہیں تو افتتاح کے دن اس کے اردگرد سات چکر لگاتے ہیں کیا یہ بدعت ہے یا نہیں ؟ اور اس کی دلیل کی ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد کے گردسات چکر لگا کر طواف کرنا بہت بڑی بدعت ہے خواہ یہ افتتاح کے دن کی جائے یا کسی اور دن ۔ کیونکہ سات چکر لگانا ایک عبادت ہے جو صرف کعبہ کے گرد ادا کرنا مشروع ہے ۔ کعبہ کے علاوہ کسی اور عمارت کے گردسات چکر لگانا اسے کعبہ کے مشابہ قرار دینا اور اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر اپنے پاس سے شریعت بنانا ہے ۔ نبی اکرم ﷺ نے مسجد قباء اور مسجد نبوی کی تعمیر کی ، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بہت سے شہروں میں مسجدیں بنائیں ۔ لیکن نہ تو آپ ﷺ نے اور نہ کسی صحابی نے کسی مسجد کے گردسات یا کم وبیش چکر لگائے ۔ وہ صرف کعبہ کے گرد اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے اور اس کی عبادت کی نیت سے حج میں یا عمرہ میں یا نفلی طور پر سات چکر لگاتے تھے اور نیکی صرف وہی ہے جس میں ان کے نقش قدم کی پیروی کی جائے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ